**08.02.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........محمد عمار

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کوالالمپور میں، ملیشیا کے اپنے ہم منصب انور ابراہیم کے ساتھ وسیع بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے دفاع اور سلامتی، سیمی کنڈکٹرز اور تجارت کے شعبوں میں تعلقات کو فروغ دینے کے بہت سے اقدامات کا آغاز کیا۔

☆ بھارت اور ملیشیا میں جامع دفاعی شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے کا عزم کیا۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ **BJP** کی نظریاتی حکمرانی کے تحت اُن ریاستوں میں یکسر تبدیلی آ گئی ہے جنھیں کبھی پسماندہ سمجھا جاتا تھا۔

☆ حکومت نے اِس مہینے کی **22** تاریخ تک انکم ٹیکس کے **2026** کے ضابطوں اور فارموں کے مسودے پر عوام اور متعلقہ فریقوں سے رائے طلب کی ہے۔

☆ ایشین رائفل اور پسٹل چمپئن شپ میں ارجن ببوٹا اور **Elavenil Valarivan** نے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ اس طرح انھوں نے نئی دلّی میں منعقدہ دس میٹر کی ایئر رائفل مکسڈ ٹیم کے مقابلے میں عالمی ریکارڈ قائم کیا ہے۔

☆ اور **ICC** مردوں کے ٹی–ٹوینٹی عالمی کپ میں ممبئی میں انگلینڈ نے نیپال کو چار رن سے ہرایا۔ اور چنئی میں نیوزیلینڈ نے افغانستان کو پانچ وکٹ سے شکست دی۔ کولمبو میں آئرلینڈ اور سری لنکا کے درمیان میچ جاری ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**Rev. PM Malaysia Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کوالالمپور میں، ملیشیا کے اپنے ہم منصب انور ابراہیم کے ساتھ وسیع بات چیت کی، جس میں سیاسی، دفاع اور سلامتی سے متعلق تعاون، تجارت و سرمایہ کاری، ڈیجیٹل معیشت، توانائی، تعلیم، سیاحت اور علاقائی معاملات شامل ہیں۔

وزیر اعظم مودی کے ملیشیا کے دورے کے دورے اور آخری دن، دونوں ملکوں نے مختلف شعبوں میں **16** معاہدوں اور سرگرمیوں پر کام کرنے کا عزم کیا، جن میں قدرتی آفات کی صورت میں بندوبست، آڈیوویژول،

کو–پروڈکشن، بدعنوانی کے خلاف کارروائی اور اِس کی روک تھام اور سیمی کنڈکٹرز شامل ہیں۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان تعاون سے خفیہ معلومات ایک دوسرے کو فراہم کرنے، سمندری سلامتی، دفاع اور دہشت گردی سے لڑنے میں وسعت لائی جائے گی۔

**S/B 2100 PM Terro Double Standard**

وزیر اعظم، جو ملیشیا کے تیسری بار سرکاری دورے پر ہیں اور دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات کو جامع دفاعی شراکت داری تک لے جانے کے بعد سے یہ اُن کا پہلا دورہ ہے، انھوں نے خاص طور پر کہا کہ بھارت اور ملیشیا کے درمیان تعاون میں اضافہ ہو رہا ہے اور دونوں ملک مصنوعی ذہانت، سیمی کنڈکٹرز، صحت اور خوراک کی یقینی فراہمی کے شعبوں میں اپنے اشتراک میں گہرائی لائیں گے۔انھوں نے کہا کہ CEO فورم سے تجارت وسرمایہ کاری کے نئے موقع پیدا ہوئے ہیں۔

**S/B 2100 PM on Opportunities**

وزیر اعظم نے یہ بھی کہا کہ بھارت آسیان کی مرکوزیت کے تئیں عہد بند ہے۔ انھوں نے ملیشیا کو آسیان کی صدرنشینی پر مبارکباد دی۔وزیر اعظم نے اپنے دورے میں تجارتی گھرانوں کے نمائندوں سے بھی بات چیت کی، جن میں ملیشیا کی بڑی کمپنیوں کے ایگزکیٹو شامل ہیں۔ انھوں نے اِن شخصیتوں سے اہم شعبوں میں سرمایہ کاری کے منصوبوں اور اشتراک کے بارے میں بات چیت کی۔ملیشیا، آسیان خطے میں، بھارت کا تیسرا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار ہے۔اِن دونوں ملکوں کے درمیان تجارت تقریباً 20ارب امریکی ڈالر کے بقدر ہے۔ وزیر اعظم کے دورے کی خبریں دینے والے ہمارے نامہ نگار نے بتایا

**VC Durgesh**

دونوں ملکوں کے ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی میں بڑھتے ہوئے تعاون کے تئیں عزم کیا۔ وزارت خارجہ کی ایک پریس بریفنگ میں خاص طور پر کہا گیا ہے کہ سیمی کنڈکٹرز سرگرمیوں کا اہم شعبہ رہا ہے، جس کا مقصد بھارت کی ڈیزائن صلاحیت کو ملیشیا کے طویل تجربے سے ملانا ہے، جس کے تحت مینوفیکچرنگ، کَل پُرزے جوڑنے، اِن کی جانچ اور پیکیجنگ کرنے کا کام کیا جائے گا۔کَل ملیشیا پہنچنے کے بعد وزیر اعظم نے ''سلامت Datang Modi Ji'' کی بھارتی برادری کی تقریب میں ارکان سے خطاب کیا۔ تقریب کے دوران انھوں نے ملیشیا میں ایک نیا بھارتی قونصل خانہ کھولنے اور تعلیم وثقافت کے رابطوں کو فروغ دینے کیلئے Thiruvalluvar اسکالر شپ کے آغاز کا اعلان کیا۔

دُرگیش بھدوریا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں عبدالواحد

وزیر اعظم اپنا ملیشیا کا دو روزہ دورہ کامیابی سے مکمل کرکے وطن واپس آگئے ہیں۔

**PM Malaysia Joint Staements**

بھارت اور ملیشیا نے ایک مشترکہ بیان میں، 2024میں قائم کی گئی، جامع دفاعی شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے کا عزم کیا ہے۔ دونوں ملکوں نے بنیادی ڈھانچے، قابل تجدید توانائی، جدید انداز کی مینوفیکچرنگ، سیمی کنڈکٹرس اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجیز جیسے اہم شعبوں میں تجارت کو فروغ دینے اور تعاون میں وسعت لانے سے اتفاق کیا۔مشترکہ

بیان میں ملیشیا–بھارت ڈیجیٹل کونسل تشکیل دینے اور تجارت اور سیاحت کو مدد دینے کیلئے، رقوم کا سرحد پار لین دین شروع کرنے کی کوشش کی بھی بات کہی گئی ہے۔ دونوں ملکوں نے سیمی کنڈکٹر اور ماحول کیلئے سازگار توانائی کے شعبے میں قریبی شراکت داری کا بھی خاص طور سے ذکر کیا۔مشترکہ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ دونوں رہنماؤں نے آسیان کی مرکزیت کی حمایت کرنے، ایک آزاد اور کھلے بھارت–بحرالکاہل خطے اور کثیر ملکی فورموں میں قریبی تال میل کا بھی اعادہ کیا ہے۔x

## Amit Shah

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ BJP کے تحت، نظریات پر مبنی حکمرانی کی وجہ سے چھتیس گڑھ سمیت اُن ریاستوں میں یکسر تبدیلی آ گئی ہے، جنھیں کبھی پسماندہ سمجھا جاتا تھا۔آرگنائزر جریدے کے ایک مکمل اجلاس میں، جس کا انعقاد نَوا رائے پور میں ''چھتیس گڑھ ایکٹ] :25 توجہ کی منتقلی :سلامتی، خوشحالی اور استحکام'' کے عنوان سے کیا گیا، جناب شاہ نے کہا کہ چھتیس گڑھ نے ساڑھے 7 فیصد شرح ترقی حاصل کی ہے، جس میں زراعت میں 17 فیصد، صنعت میں 48 فیصد اور خدمات کے شعبے میں 35 فیصد اضافہ شامل ہے۔انھوں نے اِس بات کا ذکر کیا کہ حال ہی میں یوروپی یونین کی صدر نے کہا تھا کہ اگر بھارت مستحکم ہے، تو پوری دنیا محفوظ اور مستحکم ہوجاتی ہے۔

چھتیس گڑھ کے اپنے ایک روزہ دورے میں وزیرداخلہ نے، نکسل کارروائیوں کی روک تھام اور مختلف ترقیاتی کاموں کا جائزہ لینے کیلئے رائے پور میں اعلیٰ سطح کی دو میٹنگز منعقد کیں۔ سوشل میڈیا پر ایک پیغام میں مرکزی وزیر داخلہ نے کہا کہ سلامتی پر مرکوز حکمت عملی، بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنا، نکسل مالی نیٹ ورکس کے خلاف کارروائی کرنا اور ہتھیار ڈالنے سے متعلق پالیسی کے مثبت نتائج برآمد ہوئے ہیں۔جناب شاہ نے ایک بار پھر کہا کہ نکسلزم کا اِس سال 31 مارچ سے پہلے پہلے مکمل خاتمہ کردیا جائے گا۔

**S/B 2045 Amit Shah Maovad**

وزیر اعلیٰ وشنو دیو سائیں، نائب وزیر اعلیٰ وجے شرما، پولیس انتظامیہ اور مرکزی سلامتی ایجنسیوں کے سینئر افسران نے میٹنگ میں شرکت کی۔x

## Income Tax

حکومت نے اِس مہینے کی 22 تاریخ تک انکم ٹیکس کے 2026 کے ضابطوں، اور فارموں کے مسودے پر عوام اور متعلقہ فریقوں سے رائے طلب کی ہے۔ یہ رائے اِس مہینے کی 22 تاریخ تک انکم ٹیکس کے سرکاری پورٹل پر بھیجی جاسکتی ہے۔ انکم ٹیکس کے دفتر نے بتایا کہ ضابطوں کا یہ مسودہ، عوام کیلئے جاری کردیا گیا ہے۔ دفتر نے بتایا کہ اِس قدم کا مقصد شفافیت میں اضافہ کرنا اور ضابطوں کی تشکیل کے عمل میں لوگوں کو شامل کرنا نیز اِس عمل کو موثر بنانا ہے۔x

## Shekhawat Shimla

ثقافت اور سیاحت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت، ہماچل پردیش کی ہمہ

جہت ترقی کیلئے ہرممکن مدد فراہم کررہی ہے۔ آج شملہ میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اُنہوں نے کہا کہ مرکزی بجٹ، ہر شہری کی صلاحیتوں کو مستحکم کرنے پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے پائیدار اور سبھی کی شمولیت والی ترقی کیلئے، حکومت کے عزم کو اُجاگر کرتا ہے۔ جناب شیخاوت نے کہا کہ BJP کی قیادت والی مرکزی حکومت نے ہماچل پردیش کے خصوصی ریاست کے درجے کو بحال کیا ہے۔×

## UIDAI MBU

بھارت کی، منفرد شناخت سے متعلق اتھارٹی UIDAI کی جانب سے ایک کروڑ سے زیادہ اسکولی بچوں کے لازمی بائیومیٹرک اَپ ڈیٹس NBU مکمل کئے جاچکے ہیں۔ الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی وزارت نے کہا ہے کہ UIDAI کے علاقائی دفاتر اور ریاستوں کے تعلیمی محکموں نے مشن کے انداز میں کام کرتے ہوئے صرف پانچ مہینے میں 83ہزار اسکولوں میں لازمی بائیومیٹرک اَپ ڈیٹس کے کیمپ لگائے۔ بچوں کو لازمی بائیومیٹرک اَپ ڈیٹس مکمل کرنے کی ترغیب دینے اور اِس سہولت کو سبھی کیلئے قابل رسائی بنانے کیلئے UIDAI نے 7 سے 15سال کی عمر کے بچوں کیلئے یکم اکتوبر 2025سے اِس سال 30 ستمبر تک فیس معاف کردی ہے۔×

## FACT Check

حکومت نے، سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی ایک ویڈیو کو بے بنیاد قرار دیا ہے، جس میں دعویٰ کیا جارہا ہے کہ بھارت اور امریکہ کے درمیان تجارتی معاہدہ، ملک کے کسانوں کو نقصان پہنچائے گا۔ پریس انفارمیشن بیورو PIB کی حقائق کا پتہ لگانے والی یونٹ نے بتایا کہ یہ دعویٰ سراسر گمراہ کُن ہے۔ یونٹ نے مزید کہا کہ یہ ویڈیو، مصنوعی ذہانت AI سے تیار کی گئی ہے اور اِسے لوگوں میں اُلجھن پیدا کرنے کے ارادے سے پھیلایا جارہا ہے۔×

## Surajkund Swing Collapse

ہریانہ حکومت نے سورج کُنڈ میلے میں جھولا گرنے کے حادثے میں زخمی ہونے والے تمام افراد کے علاج کا خرچ برداشت کرنے کا اعلان کیا ہے۔ فریدآباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ہریانہ ٹورازم کارپوریشن لمیٹڈ کے مینجنگ ڈائریکٹر Parth Gupta نے کہا کہ یہ حادثہ کل شام تقریباً سوا چھ بجے پیش آیا۔ اِس حادثے میں ایک پولیس انسپکٹر کی جان چلی گئی، جو بچاؤ کے کام میں مصروف تھا۔ جناب گپتا نے کہا کہ تفریحی پارک کو فوری طور پر بند کردیا گیا ہے۔

**S/B: 2045 Parth Gupta 23 Secs**

## India US Deal Diamond Sector

ہیرے کی صنعت نے، بھارت–امریکہ تجارتی معاہدے کی ستائش کی ہے۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے ممبئی میں واقع ایک ڈائمنڈ فرم کے مالک دنیش لکھانی نے کہا کہ اِس معاہدے سے ہیرے کی صنعت سے

وابستہ دس لاکھ سے زیادہ لوگوں کو بہت سے فائدے حاصل ہوں گے۔ جناب لکھانی نے کہا کہ ٹیکس میں کمی سے برآمدات میں اضافہ ہوگا اور زیورات کے شعبے میں روزگار کے نئے مواقع فراہم ہوں گے۔ اُنہوں نے اِس معاہدے کو ملک کے وِکست بھارت کے سفر میں ایک اہم قدم قرار دیا۔

**S/B: 2045 Dinesh Lakhani-27 Secs**

## AI Impact Summit

بھارت اور مصنوعی ذہانت AI کے اثرات کے بارے میں سربراہ کانفرنس 2026، اے آئی سے متعلق عالمی تعاون میں ایک تاریخی سنگ میل ہوگی۔ یہ کانفرنس AI سے متعلق ایسی پہلی عالمی کانفرنس ہوگی، جس کی میزبانی عالمی جنوب میں کی جائے گی۔ یہ کانفرنس نئی دلّی میں اِس مہینے کی 16سے 20 تاریخ تک منعقد ہوگی۔
ایک رپورٹ......

**VC Nitika Gupta/Pallavi Parmar**

اِس کانفرنس سے، ایک ذمے دارانہ، سب کی شمولیت والے اور عوام پر مرکوز AI مستقبل کی تشکیل میں، بھارت کی ابھرتی ہوئی قیادت کی عکاسی ہوتی ہے۔ 100سے زیادہ ممالک ’ 7چکّروں‘ کے ذریعے اِس کانفرنس میں شرکت کریں گے، جنھیں ورکنگ گروپ کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ اِن چکّروں میں انسانی اثاثے، سب کی شمولیت، بھروسے مند AI، سائنس، پائیداری اور AI وسائل تک رسائی جیسے اہم میدانوں پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ اِن چکّروں کے ذریعے بھارت کا مقصد مقامی چیلنجوں سے نمٹنے کے ساتھ ساتھ عالمی AI معمولات تشکیل دینا ہے۔ کانفرنس کے نتائج سے پالیسی ساز، سرمایہ کار اور بڑے صنعتکار آنے والے برسوں میں رہنمائی حاصل کریں گے۔
نیتیکا گپتا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اسلم بیگ

## Aircraft Forced Landing

ریڈ برڈ فلائٹ ٹریننگ اکیڈمی کا ایک پرائیویٹ تربیتی طیارے کو کرناٹک کے وِجے پورہ میں ہنگامی طور پر اترنا پڑا۔ شہری ہوا بازی کی وزارت کے مطابق ایندھن کی کمی کے سبب اِس طیارے کو اترا گیا۔ وزارت نے مزید کہا کہ فلائٹ انسٹرکٹر اور تربیت دینے والا پائلٹ دونوں صحیح سلامت ہیں۔ وزارت کا کہنا ہے کہ اس ہنگامی لینڈنگ سے طیارے کو نقصان پہنچا ہے۔x

## Bangladesh BNP

بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی BNP نے الزام لگایا ہے کہ آنے والے انتخابات میں دھاندلی کرنے کا ایک منظم منصوبہ ہے۔ پارٹی کی انتخابی اسٹیرنگ کمیٹی کے ترجمان مہدی امین نے ڈھاکہ میں ایک پریس کانفرنس میں دعویٰ کیا کہ ایک سیاسی پارٹی جعلی ووٹنگ میں سہولت فراہم کرنے کی خاطر بڑی تعداد میں برقعے اور نقاب تیار کررہی ہے۔ اُنہوں نے اسے انتخابی عمل میں ہیرا پھیری کا حصہ قرار دیا۔ مہدی امین نے لکشمی پور میں پیش آئے ایک حالیہ واقعہ

کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ وہاں مبینہ طور پر غیرقانونی طور پر ووٹنگ مہریں تیار کی گئی تھیں۔ جناب مہدی نے کہا کہ ابتدائی تحقیقات میں اِس عمل کو ایک امیدوار سے منسلک پایا گیا۔×

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے اترپردیش میں کل کیلئے گھنے کہرے کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے ساحلی آندھراپردیش، تمل ناڈو، پدوچیری، کرائیکل اور اتراکھنڈ میں بھی دن بھر گھنا کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ بہار، آسام اور میگھالیہ کیلئے بھی اسی طرح کے صورتحال کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ اگلے تین دنوں کیلئے ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں ہلکی بارش اور برفباری کا بھی امکان ظاہر کیا گیا ہے۔x

## Shooting

نشانے بازی میں بھارت کے ارجن ببوتا اور Elavenil Valarivan نے آج نئی دِلی میں ایشیائی رائفل پسٹل چمپئن 2026 میں دس میٹر ایئر رائفل مکسڈ ٹیم مقابلے میں سونے کا تمغہ جیت کر عالمی ریکارڈ کے ساتھ ساتھ چمپئن شپ کا بھی ریکارڈ قائم کیا۔ بھارتی جوڑی نے فائنل میں 505 پوائنٹس کا اسکور کر کے اپنے ایشیائی خطاب کا کامیابی سے دفاع کیا۔×

## T-20 World Cup

مردوں کے ICC ٹی ٹوینٹی ورلڈ کپ میں چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں گروپ ڈی کے ایک میچ میں آج نیوزی لینڈ نے افغانستان کو پانچ وکٹ سے شکست دی۔ افغانستان نے ٹاس جیتا اور پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ افغانستان نے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹ پر 182 رن بنائے۔ جواب میں نیوزی لینڈ کی ٹیم نے 18 ویں اوورز میں 5 وکٹ پر جیت کیلئے 183 رن کا نشانہ آسانی سے حاصل کرلیا۔

ممبئی میں کھیلے گئے ایک اور میچ میں انگلینڈ نے نیپال کو چار رن سے ہرایا۔ ایک اور میچ کولمبو میں سری لنکا اور آئرلینڈ کے درمیان کھیلا جارہا ہے۔کولمبو میں جاری میچ میں سری لنکا نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹ کے نقصان پر 163 رن بنائے ہیں، جبکہ آئرلینڈ نے اب سے کچھ دیر پہلے تک پانچ اوورز میں ایک وکٹ کے نقصان پر 34 رن بنائے تھے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆